# 149942 ـ ضرورت کے وقت خواتین کی صفوں کے پیچھے مردوں کا نماز ادا کرنا

**سوال**

خواتین کی صفوں کے پیچھے مردوں کا نماز ادا کرنا یا خواتین کی صفوں کی دوسری جانب مردوں کا برابر میں صف بنا کر نماز ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

"شرعی حکم تو یہ ہے کہ مرد خواتین سے آگے ہوں، اور مساجد میں خواتین کی صفیں مردوں کے پیچھے ہوں، چنانچہ مردوں کے پیچھے خواتین جس جہت میں بھی صفیں بنا کر نماز ادا کریں یہی خواتین کیلیے واجب ہے، لیکن اگر ضرورت کے وقت ایسی صورت بن جائے جیسے کہ حج کے دنوں مسجد نبوی اور مسجد الحرام میں ہوتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ، چنانچہ اگر ان دنوں میں خواتین مردوں کے دائیں یا بائیں جانب یا آگے ہوں تو اس سے مردوں کی نماز صحیح ہو گی، لہذا خواتین کے آگے یا دائیں اور بائیں جانب ہونے سے مردوں کی نماز پر کوئی ضرر نہیں ہو گا، البتہ صف بندی کا طریقہ اور خواتین کیلیے واجب شرعی طریقہ یہی ہے کہ وہ مردوں کے پیچھے نماز ادا کریں" انتہی

سماحة الشيخ عبد العزيز بن باز رحمه الله.